10/01/2026

12.30 pm

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ مسرت شاہ سے خبریں سُنئے

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی آج سے گجرات کاتین روزہ دورہ کر رہے ہیں ۔ وہ دورے کے آغاز پر سومناتھ مندر میں منتر ہ کے ساتھ ایک Merz Friedrich جاپ میں شرکت کریں گے۔ وزیر اعظم 12 جنوری کو احمد آباد میں جرمنی کے چانسلر میٹنگ بھی کریں گے۔

وزیر داخلہ

وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ رواں سال کے 31 مارچ سے تین سال تک جاری رہنے والی نشیلی اشیاءکی روک تھام کی اجتماعی ملک گیر مہم شروع کی جائے گی۔ اِس مہم کا مقصد ملک کو نشیلی اشیاءسے پاک کرانا ہے۔

انہوں نے مرکزی حکومت کے سبھی محکموں سے کہا ہے کہ وہ 2029 تک کے لئے ایک خاکہ تیار کریں تاکہ اس پر عمل در آمد سے متعلق جائزے کا ایک نظام قائم کیا جا سکیں۔

پارلیمنٹ

پارلیمنٹ کا بجٹ اجلاس اس ماہ کی 28 تاریخ کو شروع ہوگاپارلیمانی امور کے وزیر کرن ر جیجو نے کہا ہے کہ اجلاس اپریل کی دو تاریخ تک جاری رہے گا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں
ا

نہوں نے کہا ہے کہ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے سرکار کی سفارش پر پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کا اجلاس بلانے ± کو منظوری دی ہے۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے جموں میں ایک میٹنگ کے دوران یوٹی میں طبی ڈھانچے کے مجوزہ اور زیر تعمیر ترقیاتی پروجیکٹوں کی پیش رفت کا جائز ہ لیا۔ انہوننے پروجیکٹوں کے تعلق سے مالی تصرف اور حصولیابیوں کے بارے میں تفصیلی جانکاری طلب کی۔ انہوننے تمام پروجیکٹوں کی بر وقت تکمیل کو یقینی بنانے پر زور دیا۔

ACB

اینٹی کورپشن بیورو جموں کشمیر ،سماج سے رشوت خوری کی بدعت کا خاتمہ کرنے اور راشی عناصر کو کیفر کردار تک پہنچانے کیلئے ہر ممکن اقدامات کر رہا ہے ۔

خاص طور سے اراضی گھوٹالوں کے معاملات میں ملوث افراد کے خلاف موثر کارروائی کر رہا ہے۔ ACB

جموں کشمیر کے ڈائریکٹر شکتی کمار پاٹھک کا پیغام ۔ ACB

-----S.K Pathak----

ڈپٹی کمشنر سرینگر

ڈپٹی کمشنر سرینگر اکشے لابرو نے پی ایم شرم یوگی مندھن سکیم کا جائزہ لینے کے دوران ہدایت دی کہ اس سکیم کی موثر طریقے پر پبلسٹی کی جائے تاکہ غیر منظم سیکٹر میں کام کرنے والے مزدور اِس سکیم سے استفادہ کر سکیں۔

ڈپٹی کمشنر بانڈی پورہ

پر ہو رہے کام کا جائزہ لیا ۔اس پروجیکٹ پر 18 کروڑ Walkway Phase I ڈپٹی کمشنر بانڈی پورہ اندو کنول چب نے وُلر 76 لاکھ صرف کئے جا رہے ہیں۔ اس پروجیکٹ پر اب تک 40 فیصد کام مکمل ہو چکا ہے ۔

کے عمل کا جائزہ لیا۔ انہوں نے افسروں Digitisation کی Land Records اسی دوران ڈپٹی کمشنر نے تحصیل حاجن میں کا عمل اپنے مقرر وقت پر مکمل کیا جانا چاہئے ۔Digitisation کو ہدایت دی کہ

ڈپٹی کمشنر پلوامہ

مشن سکیم کی موثر عمل آوری کا جائزہ Livelihoods ڈپٹی کمشنر پلوامہ ڈاکٹر بشارت قیوم نے کل ضلع میں نیشنل رورل بلاکوں میں 37 ہزار 973 کنبوں کو مشن کے CD لیا۔ میٹنگ کے دوران ڈپٹی کمشنر کو جانکاری دی گئی کہ ضلع کے گیارہ دائرے میں لایا گیا ہے۔

گاندربل

ڈسٹرکٹ لیگل سروسز اتھارٹی گاندربل تحصیل لیگل سروسز کمیٹی گاندربل کے آپسی اشتراک سے رواں ماہ کے 31 تاریخ کو سپیشل لوک عدالت کا اہتمام کر رہا ہے۔ یہ عدالت ڈسٹرکٹ کورٹ کمپلیکس گاندربل میں منعقد ہوگی۔

CEO

کی تقریب کے National Voters Day چیف الیکٹورل آفیسر جموں و کشمیر سنجیو ورما نے 25 جنوری کو منائے جارہے اِنتظامات کا جائزہ لینے کے لئے ایک میٹنگ کی صدارت کی ۔

چیف الیکٹورل آفیسر نے اِنتظامات کا جائزہ لیتے ہوئے تفویض کردہ کاموں کی بروقت تکمیل اور اس دن کی کامیاب تقریبات کے لئے مربوط کوششوں کی اہمیت پر زور دیا۔

ہندی دوس

آج ہندی زبان کا عالمی دن منایا جا رہا ہے۔ یہ دن ہر سال بیرون ملک ہندی زبان کے استعمال کو فروغ دینے کے مقصد سے منایا جاتا ہے۔

ہندی دوس کے موقعہ پر وزیر اعظم نریندر مودی نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ پرواسی بھارتیہ ہندی زبان کے سفیر ہیں اور بھارت کی ترقی اور بڑھتے ہوئے عالمی اثر و رسوخ کی وجہ سے لوگ ملک اور ہندی زبان میں دلچسپی لے رہے ہیں۔

ونٹر جنگل

وادی میں موسم سرما کے چلتے درجہ حرارت میں گراوٹ کے ساتھ ہی گرمی دینے والے آلات کا استعمال بڑھ گیاہے۔ تاہم ضرورت اس بات کی ہے کہ ان آلات کے استعمال کے دوران انتہائی احتیاط برتی جائے۔

-----Winter Jingle----

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

****